297.77

1191

ان پڑھ لوگوں کو اس کتاب کی سب باتوں کو زبانی یاد کرادینا چاہیے

زبانی تعلیم کیلئے

اسلام کی پہلی کتاب

Khuda Bakhsh Library
Acc. No 23076
3.1.63

از

قاضی سیّد احمد حسین

ملنے کا پتہ

دارالاشاعت امارت شرعیہ۔ پھلواری شریف ضلع پٹنہ

قیمت اردو ۳/

قیمت ہندی ۳/

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ہدایت ۔ نیچے لکھی ہوئی باتوں کو زبانی یاد کرا دینا چاہئے۔

نیچے لکھی ہوئی باتوں کو دل سے ماننے سے آدمی مسلمان ہوتا ہے۔

س ۔ کلمہ کس کو کہتے ہیں؟

ج ۔ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ۔

س ۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد اللہ کے رسول ہیں۔

س ۔ مسلمانوں کو دل سے کون کون بات ماننا چاہئے۔

ج ۔ نیچے لکھی ہوئی سات بات ہر مسلمان کو دل سے ماننا چاہئے

یہی سات بات ہے جس کو "ایمان مفصل" بھی کہتے ہیں اس کو اس طرح یاد کرو۔ ایمان لائے اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر۔ اور اللہ کی کتابوں پر۔ اور اللہ کے رسولوں پر۔ آخرت کے دن پر۔ اور اس بات پر کہ نیکی اور بدی کا اندازہ اللہ کی طرف سے ہے اور مرنے کے بعد جی اٹھنے پر۔

س ۔ اللہ کس کو کہتے ہیں؟

ج ۔ جس نے تمام چیزوں کو پیدا کیا۔ ہر چیز کو بنایا۔ تمام دنیا کو چلا رہا ہے وہی اللہ ہے۔ اُس کے نہ ماں باپ ہے نہ بیٹا بیٹی ہے۔ نہ بی بی ہے۔ وہ اکیلا ہے۔ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ وہی

جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے۔ اس کے ایسا کوئی دوسرا نہیں وہی سب کا مالک ہے

س۔ فرشتے (یا ملائکہ) کس کو کہتے ہیں؟

ج۔ ایک بہت نورانی جسم ہے جنکو ہم لوگ نہیں دیکھتے ہیں۔ اللہ نے انکو تمام کام پر مقرر کیا ہے۔ اور اللہ کے حکم سے سب کام کرتے ہیں۔

س۔ کتاب کس کو کہتے ہیں؟

ج۔ اللہ کی بات جو رسول کے پاس ہملوگوں کے بتانے کو آئی اسی کو اللہ کی کتاب کہتے ہیں۔ سب سے آخر کتاب کا نام قرآن شریف ہے۔

س۔ رسول کن کو کہتے ہیں؟

ج۔ جن کے پاس اللہ کا حکم لوگوں کو بتانے کو آتا ہے۔ اور جو اللہ کے

حکم سے ہم لوگوں کو اچھی بات بتانے آئے ہیں انہیں کو رسول کہتے ہیں۔
سب سے آخری رسول حضرت محمدؐ ہیں۔

س۔ آخرت کس کو کہتے ہیں؟

ج۔ آخرت قیامت کو کہتے ہیں۔ اس دن سب لوگوں کو بھلے بُرے کا بدلہ ملے گا۔ نیک لوگ جنت میں جائینگے اور بُرے لوگ دوزخ میں۔

س۔ مرنے کے بعد کیسے جی اوٹھیں گے؟

ج۔ جس نے پہلے بار پیدا کیا اُس پر دوسری بار قیامت میں جلانا کون مشکل ہے۔
پانچ کام ہر مسلمان کے کرنے کا ہے۔ اس کو یاد رکھنا چاہیے

س۔ مسلمانوں کے کرنے کے پانچ کام کون ہیں؟

ج ۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔ جہاد۔

س ۔ نماز کیا ہے؟

ج ۔ اللہ کی عبادت اُس کے بتائے ہوئے طریقہ پر کرنا۔ روزانہ پانچ وقت ہر مسلمان کو ضرور کرنا چاہئے۔

س ۔ روزہ کس کو کہتے ہیں؟

ج ۔ سورج نکلنے کے پہلے سے سورج ڈوبنے تک کچھ کھانا پینا نہیں چاہئے اسی کو روزہ کہتے ہیں سال بھر میں ایک مہینہ رمضان میں ہر مسلمان کو روزہ رکھنا چاہئے

س ۔ حج کس کو کہتے ہیں؟

ج ۔ مالدار مسلمان کو اپنی زندگی میں ایک دفعہ مکہ جاکے چند مذہبی کام

کرنا ہوتا ہے۔ اسی کو حج کہتے ہیں۔ مکہ ملک عرب میں ایک شہر ہے اُسی شہر میں حضرت محمدؐ صاحب پیدا ہوئے۔

س۔ زکوٰۃ کس کو کہتے ہیں؟

ج۔ جس آدمی کو خرچ کر کے سال میں روپیہ بچ جائے تو اُس کو چالیس روپیہ میں ایک روپیہ نکالنا چاہئے۔ اور جو غلہ[۱] پیدا ہو تو اس میں سے بیس من میں سے ایک من نکالنا چاہئے۔

س۔ اس روپیہ کو نکال کر کیسے خرچ کرنا ہوگا؟

ج۔ اس روپیہ کو امیر کو دینا چاہئے اور امیر کو چاہئے کہ قرآن کے حکم کے بموجب خرچ کریں۔

[۱]۔ غلہ کا حساب دو ہے۔ اگر زمین میں سیرابی کا خرچ ہو تو بیسواں حصہ ورنہ دسواں حصہ نکالنا چاہئے۔ زکوٰۃ کے متعلق مفصل احکام دیکھنا ہو تو رسالہ زکوٰۃ میں دفتر امارت شرعیہ سے طلب فرمائیے۔ قیمت ۳/

Khuda Bakhsh Library
Acc. No. 23076
3.1.63

س۔ امیر کس کو کہتے ہیں؟

ج۔ مسلمانوں کے چنے ہوئے جو مسلمانوں کا مذہبی سردار ہو اسی کو امیر کہتے ہیں۔ اس کا حکم نہیں ماننا گناہ ہے۔

س۔ جہاد کس کو کہتے ہیں؟

ج۔ اللہ کے حکم کے موافق نیکی پھیلانے اور برائی کو مٹانے میں اپنا جان مال تک دے دینا۔

س۔ ہر مسلمان کا اپنی یا مسلمانوں کی جان مال کی حفاظت میں جان دینا جہاد ہے کہ نہیں؟

ج۔ یہ بھی جہاد ہے۔ بڑا ثواب ہے اور شہید کا درجہ ملتا ہے۔

نوٹ۔ مسئلہ امارت پر مفصل معلومات حاصل کرنا ہو تو دفتر امارت شرعیہ سے تین آنہ ۳/ کا ٹکٹ بھیجکر کتاب منگو لیجئے۔

ملنے کا پتہ:۔

دفتر امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ